Telephone Conversation between Prime Minister and His Royal Highness The Prince of Wales

April 02, 2020

وزیر اعظم اور عزت مآب پرنس آف ویلز کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

02 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج عزت مآب پرنس آف ویلز کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

دونوں معزز رہنماؤں نے جاری کووڈ 19 وبائی مرض کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے گذشتہ دنوں برطانیہ میں ہونے والے جانی نقصان پر اظہار تعزیت کیا۔ انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ عزت مآب پرنس خود اپنی حالیہ ناساز طبیعت سے صحت یاب ہوگئے ہیں، اور انہوں نے ان کے لئے ہمیشہ بہتر صحت کی دعا ہے۔

عزت مآب پرنس نے برطانیہ میں رہائش پزیر ہندوستانی ڈاسپورا کے ممبروں کے لئے اظہار تشکر کیا، جن میں نیشنل ہیلتھ سروس کے بہت سارے ممبر بھی شامل ہیں، جو وبائی مرض سے نمٹنے کے لئے کلیدی کردار ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے برطانیہ میں ہندوستانی برادری کی مذہبی اور سماجی تنظیموں کے ذریعہ کئے جارہے بے لوث کاموں کا بھی ذکر کیا۔

عزت مآب پرنس نے موجودہ بحران کے دوران ہندوستان میں پھنسے ہوئے برطانیہ کے شہریوں کے لئے فراہم کردہ سہولت اور امداد پر وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔

وزیر اعظم نے عزت مآب پرنس کا ہمیشہ آیورویدک میں گہری دلچسپی لینے پر شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے حالیہ ہندوستانی اقدام کی وضاحت کی جس کا مقصد مختصر انیمیشن ویڈیوز کے ذریعہ یوگا کی بنیادی مشقوں کی تعلیم دینا، اور امیونٹی بڑھانے کے لئے آسان گھریلو ساختہ روایتی علاج پھیلانا ہے۔ عزت مآب پرنس نے خاص طور پر موجودہ صورتحال میں صحت اور فلاح وبہبود کے لئے ان اقدامات کی افادیت کو سراہا۔

نئی دہلی

02 اپریل، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.